وزارت انسانی حقوق
حکومت پاکستان

پہلا پانچ سالہ

نیشنل ایکشن پلان
(قومی لائحہ عمل)
برائے
کاروبار اور انسانی حقوق

(2021-2026)

پاکستان

پہلا پانچ سالہ

نیشنل ایکشن پلان (قومی لائحہ عمل)

برائے

کاروبار اور انسانی حقوق

(2021-2026)

پاکستان

فہرست

پیش لفظ		1
تعارف		2
کاروبار اور انسانی حقوق کے بارے میں اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول کیا ہیں؟		2
کاروبار اور انسانی حقوق کے حوالہ سے اقوام متحدہ کے رہنماء اُصولوں پر عملدرآمد پر ریاست پاکستان کا بیان عزم		2
پہلا باب:	کاروبار اور انسانی حقوق پر نیشنل ایکشن پلان:	4
1.1	کاروبار اور انسانی حقوق پر نیشنل ایکشن پلان کیا ہے؟	4
1.2	نیشنل ایکشن پلان کے پانچ مرحلہ وار طریقہ کار	5
	i) آغاز کار	5
	ii) جانچ اور مشاورت	5
	iii) مسودہ کی تیاری (ڈرافٹنگ)	7
	iv) عمل درآمد	7
	v) موجودہ صورتحال	7
1.3	نیشنل ایکشن پلان (نیپ) (NAP) کے ترجیحی شعبہ جات	8
1.4	نیشنل ایکشن پلان، دیگر حکومتی پالیسیوں اور پاکستان کے بین الاقوامی عہد کے مابین ہم آہنگی	9
1.5	کووڈ-19 (Covid-19) اور نیشنل ایکشن پلان	11
دوسرا باب:	حفاظت، احترام اور مداوا کا فریم ورک (خاکہ)	12
پہلا ستون	انسانی حقوق کا تحفظ ریاست کا فرض	12
دوسرا ستون	انسانی حقوق کا احترام کاروباری ادارہ کی ذمہ داری	12
تیسرا ستون	مداوا تک رسائی	13
تیسرا باب:	نیشنل یکشن پلان کے ترجیحی شعبہ جات اور مجوزہ اقدامات	15
3.1	عمومی مجوزہ اقدامات	15
3.2	نیشنل یکشن پلان (NAP) ترجیحی شعبے	18
	3.2.1 سرکاری خریداری کے معاہدوں میں مالیاتی شفافیت، بدعنوانی اور انسانی حقوق کے معیارات	18
	3.2.2 امتیازی سلوک، مساوی مواقع اور شمولیت	19
	3.2.3 انسانی حقوق کا ادارہ جاتی جائزہ	24
	3.2.4 مشقت کے معیارات اور غیر رسمی معیشت	28
	3.2.5 بچوں کی مشقت	32
	3.2.6 جبری یا غلامانہ مشقت	33
	3.2.7 پیشہ ورانہ صحت و سلامتی	34
	3.2.8 مداوا تک رسائی	36
چوتھا باب:	کاروباری اداروں سے ریاستی توقعات	38
ضمیمہ جات Annexures		42
ضمیمہ 1:	عملدرآمد پلان	42
ضمیمہ 2:	پاکستان کی جانب سے پیش رفت	72
ضمیمہ 3:	کاروبار اور انسانی حقوق پر پاکستان کے نیشنل ایکشن پلان کا فریم ورک (خاکہ)	87

پیش لفظ

ڈاکٹر شیریں مزاری

وفاقی وزیر
برائے انسانی حقوق

وزارت انسانی حقوق، اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے تعاون سے کاروبار اور انسانی حقوق پر پاکستان کے پہلے نیشنل ایکشن پلان کو شائع کرنے پر مسرور ہے اس کا مقصد کاروباری سرگرمیوں کے نتیجے میں انسانی حقوق کے حوالے سے منفی اثرات سے تحفظ فراہم کرنا اور مستند کاروباری اداروں (کارپوریٹ سیکٹر) میں انسانی حقوق کے احترام کیلئے سازگار ماحول کو تقویت دینے کے پاکستان کے عزم کو پورا کرنا ہے۔ مزید براں، اس نیشنل ایکشن پلان کی تیاری میں پاکستان اس حوالے سے کاروباری سرگرمیوں کے دوران سرزد ہونے والی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے لئے مؤثر حل تک رسائی کو یقینی کے لئے اپنے فرائض کی تکمیل کے عزم کا اظہار کرتا ہے۔

ایک ترقی پذیر معیشت کے طور پر پاکستان استحکام، سلامتی اچھا طرز حکومت اور قانون کی حکمرانی کو اس خطے میں پائیدار اور طویل مدتی اقتصادی ترقی کو محفوظ اور یقینی بنانے کی ضرورت کو محسوس کرتا ہے۔ تاہم اس امر پر زور دیا جائے کہ معاشی ترقی کا بنیادی مقصد تمام شہریوں کو باوقار زندگی اور مداوا کے خاکے (فریم ورک) جو کاروبار اور انسانی حقوق پر اقوام متحدہ کے رہنماء اُصولوں میں موجود ہے پاکستان کی اقتصادی ترقی کو اس انداز میں آگے بڑھاتے ہیں کہ اس میں انسانی حقوق کی ترقی کے کلیدی قومی مقاصد کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ اس خاکے (فریم ورک) کو عملی شکل دینے کیلئے پاکستان حقیقت پسندانہ بشمول لازمی اور رضا کارانہ اقدامات اپنانے کا ارادہ رکھتا ہے تا کہ تمام قسم کی کاروباری سرگرمیوں میں انسانی حقوق کے تحفظ اور احترام کو فروغ دیا جا سکے اور انسانی حقوق پر منفی اثرات کی صورت میں اس کا حل مہیا کر سکے۔

نیشنل ایکشن پلان کو تیار کرنے اور حتمی شکل دینے سے پہلے انسانی حقوق خصوصاً خواتین، کمزور اور پسماندہ گروہوں کے حقوق کے تحفظ اور فروغ کیلئے حکومت پاکستان کی کوششیں انسانی حقوق کے ضمن میں بین الاقوامی ذمہ داریوں کی تکمیل کے عزم کو اُجاگر کرتی ہے۔ ان اقدامات میں قانون سازی کی شروعات، قوانین کی عمل داری اور نفاذ، احساس بیداری، آ گاہی اور تعلیمی مہمات اور کلیدی متعلقین (سٹیک ہولڈرز) کے ساتھ مختلف ورکشاپوں اور کانفرنسوں کے ذریعے بحث و مباحثہ / تبادلہ خیال شامل ہے۔

حکومت پاکستان کا ایک اہم مقصد ادارہ جاتی ترقی اور صلاحیت کی تعمیر ہے۔ تا کہ کاروباری سرگرمیوں کے نتیجہ میں انسانی حقوق کی پامالی کی صورت میں ردعمل کو فروغ دیا جا سکے۔ نیشنل ایکشن پلان میں یہ تفصیل فراہم کی گئی ہے کہ انسانی حقوق کی پامالی کی صورت میں حکومت پاکستان کس طرح قانون سازی، عدالتی، انتظامی اور دیگر مناسب ذرائع کے ذریعہ مؤثر حل تک رسائی کو یقینی بنائے گی۔ لہٰذا یہ ایکشن پلان صلاحیتوں کی تعمیر اور اصلاحات کے سلسلہ میں حکومت کی حالیہ کاوشوں کا منطقی نتیجہ ہے۔

تعارف

کاروبار اور انسانی حقوق کے بارے میں اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول کیا ھیں؟

جون 2011ء میں اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل نے کاروباری سرگرمیوں سے انسانی حقوق پر مرتب شدہ منفی اثرات سے نمٹنے کے لئے کاروبار اور انسانی حقوق سے متعلق اقوام متحدہ کے رہنما اصولوں کی توثیق کی۔ یو این جی پیز ریاستوں' کاروباری اداروں اور سماجی تنظیموں کے مابین کئی سالوں پر محیط مشاورت کا نتیجہ تھی جن کی قیادت اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے خصوصی نمائندے پروفیسر جان روگی نے کی۔ یو این جی پیز کاروباری سرگرمیوں کے نتیجے میں انسانی حقوق کے مسائل اور زیادتیوں سے نمٹنے اور اس کی روک تھام کے لئے عالمی معیار فراہم کرتے ہیں۔ وہ ریاست پر کوئی نئی بین الاقوامی ذمہ داریاں عائد نہیں کرتے' بلکہ یہ ان اصولوں کی تصدیق کے لئے بنائے گئے ہیں جن کی پہلے ہی توثیق ہو چکی ہے۔

یو این جی پیز UNGPs میں تحفظ' احترام اور حل کا فریم ورک (خاکہ) کے نام سے جانا جاتا ہے جو تین ستونوں[1] پر مشتمل ہے:

- ☆ ستون نمبر 1: احترام' حفاظت' انسانی حقوق کی پاسداری اور بنیادی آزادی کے لئے ریاست کی موجودہ ذمہ داری۔
- ☆ ستون نمبر 2: کاروباری ادارے معاشرے کے خصوصی طبقے کے طور پر خصوصی افعال سرانجام دے رہے ہیں انہیں تمام قابل اطلاق قوانین کی تکمیل اور انسانی حقوق کا احترام کرنے کی ضرورت ہے۔
- ☆ ستون نمبر 3: خلاف ورزی کی صورت میں حقوق و فرائض سے مطابقت رکھتے ہوئے مناسب اور مؤثر حل کی ضرورت۔

کاروبار اور انسانی حقوق کے حوالے سے اقوام متحدہ کے رہنماء اُصولوں پر عملدرآمد کے بارے میں ریاست پاکستان کا بیان عزم

نیشنل ایکشن پلان کے ذریعے پاکستان یو این جی پیز کے اطلاق کے لئے ایک خاکہ (فریم ورک) فراہم کرنے اور کاروباری سرگرمیوں کے نتیجے میں انسانی حقوق کے منفی اثرات سے اپنے شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کا

1. UN Office of the High Commissioner on Human Rights (OHCHR). United Nations Guiding Principles on Business and Human Rights.https://www.ohchr.org/Documents/Publications/GuidingPrinciplesBusinessHR_EN.pdf

ارادہ رکھتا ہے۔ انسانی حقوق کے تحفظ کے علاوہ پاکستان کا مقصد اپنے مداوا کے نظام کو مستحکم کرنا بھی ہے تاکہ کاروباری سرگرمیوں سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے متاثرین کو مناسب سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔

انسانی حقوق کے تحفظ اور فروغ کا عزم پاکستان کے آئین کا سنگ بنیاد ہے مزید براں، پاکستان نے انسانی حقوق کے کئی بین الاقوامی دستاویزات کی توثیق کی ہے جنہیں حکومت وقت نے مختلف قسم کی وفاقی اور صوبائی قوانین اور پالیسیوں کی شکل دی ہے۔ ان 9 میں سے 7 انسانی حقوق کے معاہدوں کا پاکستان فریق ہے۔[2] عالمی ادارہ محنت (آئی ایل او) کے کئی دیگر معاہدوں کے علاوہ، پاکستان نے عالمی ادارہ محنت (آئی ایل او) کے 8 کلیدی مزدور معیارات (لیبر سٹینڈرز) کی بھی توثیق کی ہے۔[3] بالآخر، پاکستان پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) جن میں بنیادی انسانی حقوق کی جھلک نمایاں ہے اُن اہداف کو حاصل کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔

جبکہ نیشنل ایکشن پلان (NAP) کا تعلق بنیادی طور پر آٹھ ترجیحی شعبوں کے تحت مجوزہ اقدامات سے ہے جس کے ذریعے پاکستان کو یو این جی پیز کا خاکہ (فریم ورک) نافذ کرنا ہے (باب سوئم) یہ واضح طور پر پاکستان کی کاروباری اداروں سے توقعات کی بھی وضاحت کرتا ہے۔ (باب چہارم) ان توقعات کا تعلق کاروباری اور ویلیو چین (پیداوار سے منڈی، بعد از فروخت سروس) سرگرمیوں میں انسانی حقوق کے احترام اور منفی اثرات سے نمٹنے کے لئے مناسب حل کی فراہمی سے ہے۔

نیشنل ایکشن پلان (NAP) کے نفاذ اور ترجیحی شعبے کے تحت مجوزہ اقدامات کے علاوہ مؤثر بین الاوزارتی اور بین الصوبائی رابطہ کاری کے لئے تاجر برادری کی جانب سے عزم اور قابل اعتماد اقدامات کرنے کی ضرورت ہوگی۔ اس کے علاوہ سول سوسائٹی، تنظیموں کے کارکنان اور دیگر متعلقین (سٹیک ہولڈرز) کی جامع شرکت اور نگرانی کے ذریعے کاروباری سرگرمیوں کے دوران انسانی حقوق کے منفی اثرات کو سامنے لانے اور بروقت اصلاحی اقدامات کو یقینی بنانے میں مدد دیتے ہیں۔

2. That is, the International Covenant on Civil and Political Rights (ICCPR), the International Covenant on Economic, Social and Cultural Rights (ICESCR), the Convention on the Rights of the Child (CRC), Convention on the Rights of Persons with Disabilities (CRPD), Convention on the Elimination of All Forms of Racial Discrimination (ICERD), Convention on the Elimination of All Forms of Discrimination against Women (CEDAW), and the Convention against Torture (CAT)

3. That is, Forced Labour Convention, 1930 (No. 29); Freedom of Association and Protection of the Right to Organise Convention, 1948 (No. 87); Right to Organise and Collective Bargaining Convention, 1949 (No. 98); Equal Remuneration Convention, 1951 (No. 100); Abolition of Forced Labour Convention, 1957 (No. 105); Discrimination (Employment and Occupation) Convention, 1958 (No. 111); Minimum Age Convention, 1973 (No. 138); and, Worst Forms of Child Labour Convention, 1999 (No. 182).

01 نیشنل ایکشن پلان برائے کاروبار اور انسانی حقوق

1.1 | کاروبار اور انسانی حقوق کے حوالہ سے نیشنل ایکشن پلان کیا ھے؟

کاروبار اور انسانی حقوق (BHR) کے سلسلے میں اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل (UNHRC) نے 2011 میں کاروبار اور انسانی حقوق کے حوالہ سے اقوام متحدہ کا ورکنگ گروپ (UNWG) قائم کیا۔ جس کا کام ”کاروبار اور انسانی حقوق سے متعلقہ رہنماء اُصولوں کے مؤثر اور جامع تفہیم اور نفاذ کا فروغ ہے۔“[4] یواین جی پی نے سختی سے ریاستوں پر زور دیا کہ وہ کاروبار اور انسانی حقوق (BHR) پر نیشنل ایکشن پلان اپنائے جو یواین جی پی کے نفاذ کے لئے ایک مؤثر پلیٹ فارم کی تشکیل ہے۔

نیشنل ایکشن پلانز پالیسی دستاویزات ہیں جس کے ذریعے ریاستیں مخصوص شعبوں سے متعلق پالیسی ترجیحات اور اقدامات کو بیان کرتی ہیں اور اپنانے کا ارادہ رکھتی ہیں تاکہ مخصوص پالیسی ایریا میں بین الاقوامی اور علاقائی ذمہ داریوں کے اطلاق میں معاونت فراہم کرسکیں۔ کاروبار اور انسانی حقوق (BHR) کے حوالہ سے نیشنل ایکشن پلان (NAP) کی تعریف ایک ”ریاست کی طرف سے مرتب کردہ حکمت عملی ہوتی ہے جو مستند کاروباری اداروں کی جانب سے انسانی حقوق کے منفی اثرات کے خلاف تحفظ کے طور پر کاروبار اور انسانی حقوق پر اقوام متحدہ کے رہنما اُصولوں سے مطابقت رکھتی ہے۔“[5]

پاکستان میں بہت سے کاروبار انسانی حقوق کے تحفظ اور فروغ کے حوالے سے اپنی ذمہ داری سے آگاہ ہیں۔ کچھ کثیر الاقوامی کمپنیوں اور سرکاری کمپنیوں نے پالیسیاں اپنائی ہیں جو انسانی حقوق کے بین الاقوامی معیارات کی عکاس ہیں۔ جس میں ریاست کے نیشنل ایکشن پلان میں موجود توقعات کی تعمیل کے ساتھ ساتھ متعلقہ قانون سازی اور قواعد کے مجوزہ اقدامات کے ساتھ رہتے ہوئے مزید بہتری لائی جاسکتی ہیں۔ مزید براں' نیپ (NAP) کاروباری سرگرمیوں اور سپلائی چین مینجمنٹ کے بارے میں انسانی حقوق کی جانچ کی اہمیت کے بارے میں آگاہی فراہم کرتا ہے جو بین الاقوامی انسانی حقوق اور پائیدار ترقی کے ایجنڈے کے حوالے سے ایک نمایاں خصوصیت کی حامل ہے۔

4. OHCHR. Working Group on the issue of human rights and transnational corporations and other business enterprises. https://www.ohchr.org/EN/Issues/Business/Pages/WGHRandtransnationalcorporationsandotherbusiness.aspx

5. United Nations Working Group on Business and Human Rights (UNWG). Guidance on National Action Plans on Business and Human Rights. Https://www.ohchr.org/Documents/Issues/Business/UNWG_NAPGuidance.pdf

1.2 | نیشنل ایکشن پلان کے پانچ مرحلہ وار طریقہ کار

نیپ (NAP) کی تشکیل مختلف سٹیک ہولڈروں کے ساتھ متعدد مشاورتوں اور پاکستان میں BHR کے حوالے سے متعلقہ قانون سازی اور پالیسیوں کی قومی بیس لائن (معیار) کے جانچ کا نتیجہ ہے۔ پاکستان نے نیشنل ایکشن پلان کے پانچ مرحلہ وار طریقہ کار کے مطابق جو فاؤنڈیشن آف نیشنل ایکشن پلانز ان بزنس اینڈ ہیومن رائٹس (جو بعد میں نیپ رہنماء دستاویزات بنے) جسے یو این ڈبلیو جی نے شائع کیا (1) آغاز کار (2) جانچ اور مشاورت (3) مسودے کی تیاری (4) عملدرآمد (5) تازہ ترین صورتحال/اپ ڈیٹ میں پیش رفت کی۔ حتمی تشکیل اور افتتاحیہ کے بعد نیپ کے پہلے تین مراحل مکمل ہو چکے ہیں۔

---

i) آغاز کار

اس عمل کے پہلے قدم کے طور پر نومبر 2018ء میں جنیوا میں کاروبار اور انسانی حقوق پر سالانہ فورم میں حکومت پاکستان کی جانب سے نیپ مرتب کرنے کے بارے میں وزارت انسانی حقوق کے جوائنٹ سیکرٹری نے عزم کا اعلان کیا۔ اس کی پیروی کرتے ہوئے وزارت انسانی حقوق نے متعلقہ سٹیک ہولڈرز کی پلان کے بارے میں آگاہی اور وابستگی کے لئے بین لاوزارتی اجلاس کی میزبانی کے ساتھ متعلقہ صوبائی محکموں کے ساتھ مشاورت کی۔ وزارت انسانی حقوق کے سیکرٹری نے بھی ایشیا پیسفک فورم منعقدہ جون 2020ء میں نیپ تیار کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ ستمبر 2020ء میں وزارت انسانی حقوق نے کابینہ کے وزراء اور بین الاقوامی اور قومی متعلقین (سٹیک ہولڈرز) کی موجودگی میں اس عزم کو دہرایا۔ متعلقہ سرکاری محکموں، سول سوسائٹی اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی نشاندہی کی گئی اور انہیں بعد میں نیپ کی تیاری کے عمل میں شامل کیا گیا۔ ایک اہم مرحلہ یو این جی پی کا اردو میں ترجمہ تھا تاکہ یو این جی پی کے موضوعات پر آگاہی فراہم کی جاسکے۔

---

ii) جانچ اور مشاورت

جانچ اور مشاورت کے طریقہ کار کے ایک جزو کے طور پر NBA (نیشنل بیس لائن اسسمنٹ) کے انعقاد کا اہتمام کیا گیا تاکہ ایک جامع اور بامقصد NAP کے لئے بنیاد رکھی جاسکے، درپیش چیلنجوں اور کاروباری سرگرمیوں کے نتیجے میں انسانی حقوق کے منفی اثرات پر قابو پانے کے لئے پاکستان کے عزم کا اظہار کرے۔ NBA کے انعقاد کے لئے ڈینش ادارہ برائے انسانی حقوق (DIHR)، بین الاقوامی کاروباری احتساب گول میز (ICAR) فریم ورک کو استعمال کیا گیا۔ NBA (نیشنل بیس لائن اسسمنٹ) کو اس طریقے سے مرتب کیا گیا کہ وہ نیپ (NAP) کی تیاری اور ترجیحی اقدامات کے متعلق باقاعدہ معلومات فراہم کرسکے۔

پاکستان کی ضروریات کے تناظر میں یہ تین ستونوں کے ماڈل کے حوالہ سے اطلاق کی موجودہ صورت حال کی جانچ کے بارے میں طریقہ کار تجویز کرتا ہے اور اسے پاکستان کی ضروریات کے پس منظر کے حوالے سے پیش کیا گیا تھا۔ DHIR فریم ورک کے مطابق NBA میں ہر موضوع کو شعبے کی پائیدار ترقی کے اہداف (SDG) کے ساتھ منسلک کیا گیا تھا۔ تعددی اور معیاری طریقہ ہائے کار کا امتزاج کا استعمال کرتے ہوئے NBA کا انعقاد کیا گیا جو درج ذیل ہیں:

- ☆ ڈیسک جائزہ (1) DHIR خاکہ جات (ٹمپلیٹ) میں آئینی ذمہ داریاں، قانون سازی، عدالتی مثالیں (نظیر) بین الاقوامی قوانین، موضوعاتی پالیسی کے معیاری اُصولوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ (2) عوامی طور پر دستیاب بیانات، 100 سے زیادہ کمپنیوں کی پالیسیاں اور طریقہ کار۔ (3) یو این جی پی کے تناظر میں کاروباری عملدرآمد کے سلسلے میں مستند کاروباری اداروں (کارپوریٹ) کے رویئے پر رپورٹس۔ اور (4) عدالتی اور غیر عدالتی شکایات کا طریقہ کار نیز ان تک رسائی میں موجود رکاوٹیں۔
- ☆ اداروں کے اندر انسانی حقوق اور فریم ورک کو اہمیت دینے والی ماڈل کمپنیوں کا تعددی سروے۔
- ☆ اسلام آباد، کوئٹہ، پشاور، کراچی، لاہور، سیالکوٹ، فیصل آباد اور گلگت بلتستان میں بہت سے سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت اور گروہی مباحثہ۔

اس عمل سے کاروباری سرگرمیوں میں انسانی حقوق کے تحفظ، احترام اور تدارک سے متعلق کئی بڑے مسائل اُجاگر ہوئے۔ ان میں مالیاتی شفافیت اور عوامی خریداری کے معاہدوں میں بدعنوانی، صنفی بنیاد پر امتیازی سلوک اور کام کی جگہ پر مساوی مواقع، انسانی حقوق سے متعلقہ جانچ کے نظام کی کمی، محدود دائرہ کار نیز پیشہ ورانہ حفاظت وسلامتی کے معیارات کا ناقص نفاذ، غیر انسانی حالات کار اور اجرت، نوعمری، جبری یا غلامانہ مشقت کا پھیلاؤ، غیر رسمی معیشت میں کارکنوں کے خطرات میں اضافہ اور کئی دیگر عوامل شامل ہیں۔

مزید براں NBA کے ذریعے معلوم ہوا کہ یو این جی پیز (UNGPs) اور بی ایچ آر (BHR) پاکستان میں نسبتاً نئے تصورات ہیں۔ سروے کے لئے منتخب کردہ کئی کمپنیوں کے ہاں ادارہ جاتی سماجی ذمہ داری (کارپوریٹ سوشل رسپانسبلٹی) اور ضابطہ اخلاق پایا جاتا ہے زیادہ تر سروے جواب دہندگان نے کہا کہ ان کی کمپنیوں میں اندرونی طور پر کچھ انسانی حقوق پالیسیاں موجود ہیں جن میں عدم امتیاز اصول کے نفاذ کی پالیسی، جنسی ہراسانی سے تحفظ وغیرہ۔ مزید براں، زیادہ تر جواب دہندگان نے یہ بھی کہا کہ ان انسانی حقوق کی پالیسیوں کو کمپنی نے ملازمین کے ساتھ ساتھ تیسرے فریق یعنی متعلقین (سٹیک ہولڈرز) کو بھی آگاہ کیا جاتا ہے۔ بہرحال چند جواب دہندگان نے کہا کہ ان کی کمپنیوں میں نسلی اور مذہبی بنیادوں پر ملازمتوں کی شرح تناسب بہت معمولی طور پر زیادہ ہے، اور جواب دہندگان کی ایک اقلیت نے کہا کہ ان کی کمپنیوں میں خواتین کی ملازمت کے لئے کوٹہ مقرر تھا۔ اسی طرح زیادہ تر جواب دہندگان نے بتایا کہ ان کی کمپنی نے کارکنوں کو انجمن سازی کے حق کے استعمال کی اجازت نہیں دی۔

iii) مسودے کی تیاری (ڈرافٹنگ)

نیپ (NAP) کا مسودہ تیار کرنے کا عمل UNWG[6] کے نیپ رہنماء دستاویز کے مطابق مکمل ہوا۔ ابتدائی مسودے (ڈرافٹ) کے بارے میں کوئٹہ، کراچی اور پشاور میں دیگر بہت سے متعلقین (سٹیک ہولڈرز)' کے ساتھ مشاورت کے بعد مزید مجوزہ اقدامات کئے گئے۔ پھر مشاورت سے اخذ شدہ رائے کو NAP کے پہلے مسودے (ڈرافٹ) میں شامل کیا گیا۔ مارچ 2021ء میں اسی مسودے کو مختلف وزارتوں اور صوبائی محکموں کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کے ادارے (NHRIs) اور دیگر متعلقین (سٹیک ہولڈرز) کو تبصروں کے لئے اس یاد دہانی کے ساتھ مشتہر کیا گیا کہ وہ جولائی 2021ء تک اپنے تبصرے بھجوائیں۔ مزید براں مسودے کو ایک وقف شدہ ویب سائٹ پر وزارت انسانی حقوق کی میزبانی میں سماجی تنظیموں، دانشوروں اور بین الاقوامی تنظیموں کو عوامی رائے کے لئے کھلی دعوت دی گئی۔[7] مختلف ذرائع (چینلز) سے موصول ہونے والی معلومات / آراء کا بغور جائزہ لینے کے بعد متعلقہ اور قابل عمل معلومات / آراء کو نیپ (NAP) میں شامل کیا گیا۔

---

iv) عملدرآمد

وزارت انسانی حقوق کے اندر ایک نیپ سیکرٹریٹ، نیشنل ایکشن پلان (NAP) کے نفاذ سے متعلق کوششوں کو مربوط کرنے کی ذمہ داری کے ساتھ قائم کیا جائے گا مزید براں ایک بین الوزارتی اور بین الحکماتی نیپ سٹیرنگ کمیٹی قائم کی جائے گی جو وفاقی اور صوبائی سطح کے بڑے اداروں پر مشتمل ہوگی اور یہ نیپ کے مجوزہ اقدامات کے نفاذ کی ذمہ دار ہوگی۔

نیپ سیکرٹریٹ کا کردار درج ذیل ذمہ داریوں پر مشتمل ہے:

(1) وفاقی اور صوبائی سطح پر متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطہ کاری
(2) نیپ سٹیرنگ کمیٹی کے اجلاس کی سہولت کاری
(3) کوئی بھی ابتدائی پیش رفت، وضاحت، یا اگر ضرورت ہو تو نیپ سٹیرنگ کمیٹی کی منظوری سے عملدرآمد پلان کو مستحکم کرنا
(4) نیپ (NAP) سے متعلقہ ڈیٹا (اعداد وشمار / معلومات) کو اکٹھا اور منظّم کرنا
(5) نیپ (NAP) وسط مدتی جائزے کا انعقاد
(6) نیپ (NAP) کا اُردو میں ترجمہ
(7) سٹیک ہولڈرز بشمول حکومت، قومی انسانی حقوق کے ادارے (NHRIs)، سماجی تنظیموں اور کاروبار کے ساتھ رابطہ سازی کے ذریعے، نیپ اور اس سے متعلقہ آگاہی، پیروی اور صلاحیت سازی کی کوششوں کو فروغ دینا۔

6. UNWG. Guidance on National Action Plans on Business and Human Rights.

7. Ministry of Human Rights. Business and Human Rights Webpage. https://bhr.com.pk

vii) پیش رفت

نیپ (NAP) سیکرٹریٹ سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کے ذریعے نیپ کے نفاذ پر پیش رفت کا اندازہ لگانے اور ضروری تبدیلیوں کی نشاندہی کرنے کے لئے وسط مدتی جائزہ کا انعقاد کریگا۔ پانچ سالہ نفاذ کی مدت کے اختتام پر نیپ سیکرٹریٹ بعد میں بننے والے نیپ کی سفارشات مرتب کرنے کے لئے ایک جائزے کے انعقاد کی قیادت کریگی۔

1.3 | نیپ کے ترجیحی شعبہ جات

NBA (قومی بیس لائن جانچ) کی سفارشات سے مستفیذ وفاقی اور صوبائی سطح پر سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے تقویت یافتہ اور پاکستان کے آئینی فریم ورک اور پالیسی فریم ورک سے مطابقت رکھتے ہوئے آٹھ ترجیحی شعبوں اور مجوزہ اقدامات کی نشاہدی کی گئی۔ آٹھارویں آئینی ترمیم میں (اختیارات) کی منتقلی کے مطابق جہاں پر قابل اطلاق ہو مجوزہ اقدامات کو وفاقی اور صوبائی سطح پر الگ کیا گیا ہے۔

درج ذیل ترجیحی شعبوں کے تحت وفاقی اور صوبائی سطحوں پر کل 69 اقدامات تجویز کئے گئے ہیں:

1) سرکاری خریداری معاہدوں میں مالیاتی شفافیت، بدعنوانی اور انسانی حقوق کے معیارات
2) غیر امتیازی سلوک، مساوی مواقع اور شمولیت
3) انسانی حقوق کی جانچ
4) مزدور معیارات اور غیر رسمی معیشت
5) بچوں کی مشقت
6) جبری اور غلامانہ مزدوری
7) پیشہ ورانہ صحت و سلامتی
8) اصلاح تک رسائی

1.4 | نیشنل ایکشن پلان، دیگر حکومتی پالیسیوں اور پاکستان کے بین الاقوامی معاہدوں کے مابین ہم آہنگی

انسانی حقوق کا تحفظ ریاست پاکستان کے لئے بنیادی توجہ کا مرکز ہے اور آئینی اور قانونی فریم ورک میں اس کا احاطہ کیا گیا ہے۔ یہ اس کی پالیسی، فریم ورک بشمول اقتصادی پالیسی میں بھی جھلکتا ہے جو آنے والے سالوں میں مستحکم اور پائیدار اقتصادی ترقی کے حوالہ سے پاکستان کے عزائم اور روڈ میپ کو ظاہر کرتا ہے۔ پاکستان جامع اور پائیدار اقتصادی ترقی کے لئے انسانی وقار کو مرکزی حیثیت دینے کیلئے پُرعزم ہے۔اس کے نتیجے میں، کاروبار اور انسانی حقوق پر نیشنل ایکشن پلان ایک اصولی اور عملی فریم ورک کے طور پر اقتصادی ترقی کی تکمیل کے لئے کوشاں ہے جس میں انسانی حقوق کے تحفظ اور احترام کو خاطر خواہ اہمیت حاصل ہے۔

یہ انسانی حقوق کے حوالہ سے پاکستان کے ایکشن پلان 2016ء[8] کی تکمیل بھی کرتا ہے جو کلیدی انسانی حقوق کی ترجیحات اور بین الاقوامی دستاویزات پر نفاذ کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے تمام شعبہ جات کے لئے کئے گئے اقدامات کو اہم ترین گردانتا ہے۔ ایکشن پلان ترقیاتی منصوبوں، قومی انسانی حقوق کے اداروں کے استحکام اور صلاحیت سازی پروگراموں کے ذریعے بین الاقوامی معاہدوں کے نفاذ، معاہدوں کے نفاذ کے سیل (TIC) کے کام کو مؤثر بنانے کے لئے حقوق پر مبنی نقطہ نظر کی دعوت دیتا ہے۔

نیپ پاکستان کے عزم، ملکی اور متعلقہ بین الاقوامی انسانی حقوق کے معاہدوں اور محنت (مزدور) معاہدہ جن کا گذشتہ سیکشن میں تعارف پیش کیا گیا ہے ٹریٹی باڈیز سے متعلقہ رپورٹس کا نظام، یونیورسل متواتر جائزہ، معاہدات اور سفارشات پر عملدرآمد ماہرین کی کمیٹی کے مطابق ہوگا۔ بیداری میں اضافہ اُن حقداروں کو جن پر اُن کو تحفظ دینا لازم ہے اور کاروباری اداروں سے ریاستی توقعات پاکستان کے تناظر میں کاروبار میں انسانی حقوق کے تحفظ کی کوششوں کو فوقیت دینے میں مدد دے گی۔اس سے پاکستان کی پوزیشن خطے میں ایک ذمہ دار تجارتی شراکت دار کی حیثیت سے مضبوط ہوگی اور اس سے بین الاقوامی انسانی حقوق اور دیگر متعلقہ فریم ورک کے تحت رپورٹنگ کے نظام کی ضروریات کی تکمیل کی حمایت بھی ہوگی۔

8. MoHR. National Action Plan on Human Rights 2016. http://www.mohr.gov.pk/SiteImage/Misc/files/APBL.pdf

مزید براں نیپ پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) کے لئے پاکستان کے عہد ''اس احساس کو تقویت دینا کہ انسانی حقوق سب کے لئے'' کی حمایت اور تکمیل بھی کرے گا۔[9] زیادہ تر پائیدار ترقی کے زیادہ تر اہداف بلواسطہ یا بلاواسطہ طور پر بین الاقوامی انسانی حقوق اور محنت کے معیارات کی عکاسی کرتے ہیں۔[10]

نیپ سماجی طور پر یکساں جامع، پائیدار اور ذمہ دار کاروباری سرگرمیوں کے اصولوں کے فریم ورک کی تکمیل کرے گا۔ مثال کے طور پر کثیر الاقوامی کمپنیاں اور سماجی پالیسی (ایم این ای اعلامیہ) سے متعلقہ عالمی ادارہ محنت (آئی ایل او) سہ فریقی اعلامیے کے اصولوں کے لئے پاکستان کا عزم، حال ہی میں ایم این ای اعلامیہ کی عملداری کے لئے قومی فوکل پوائنٹ یعنی ایمپلائز فاؤنڈیشن آف پاکستان مقرر کرنے پر پاکستان ایشیاء کے بحرالکاہلی علاقہ میں پہلا ملک بن گیا۔ نیپ کے آغاز کے ساتھ اور ضروری اصولوں جیسے ایم این ای اعلامیہ کے ساتھ ملکر پاکستان جاری کاروباری سرگرمیوں میں انسانی حقوق کے تحفظ اور فروغ کا پُرعزم مظاہرہ کرتا ہے۔

پاکستان کی جی ایس پی حیثیت، پاکستان میں انسانی حقوق، مزدور، بدعنوانی اور ماحولیات سے متعلقہ 27 کلیدی معاہدوں کی مربوط تعمیل کی کوششوں اور حمایت کی روشنی میں متعین کی گئی جس کا انحصار ان معاہدوں کے نفاذ پر ہے اور کاروباری سرگرمیوں میں انسانی حقوق کے تحفظ کے ذریعے انہیں مزید مستحکم کیا جائے گا۔ نیپ پاکستان اپنے وعدوں کے مطابق جی ایس پی کی حمایت میں مضبوط فریم ورک فراہم کرتا ہے۔

یہ تمام سٹیک ہولڈرز بشمول کاروباری ادارہ جات اور سول سوسائٹی پر لازم ہے کہ تحفظ، احترام اور اصلاح کے فریم ورک کے اصول اور نچلی سطح پر نیپ کے نفاذ کی حمایت کریں۔ یہ اُمید کی جاتی ہے کہ یہ فریم ورک ایک قومی مکالمے کی حوصلہ افزائی اور ایک سادہ مگر طاقتور پیغام کے حوالے سے کوشش کرے گا کہ کاروباری سرگرمیوں کے ذریعے اقتصادی ترقی اور انسانی حقوق باہمی طور پر نہ تو متضاد ہیں اور نہ ہی ایک دوسرے سے الگ۔ پاکستان میں کاروباری سرگرمیوں کے دوران انسانی حقوق کا تحفظ اور احترام بیک وقت اس کے شہریوں کے بنیادی حقوق کی تکمیل اور عالمی منڈی میں پاکستان کی معاشی مسابقت (مقابلے کا رجحان) اور کردار کو بھی فروغ دے گا جو ایک اخلاقی اور ذمہ دارانہ کاروباری طرزِ عمل پر زور دیتا ہے۔

9. OHCHR. Human Rights and the 2030 Agenda for Sustainable Development. https://www.Ohchr.org/en/issues/SDGS/pages/the2030agenda.aspx

10. For a full list of linkages between SDGs and human rights, please refer to the following summary table - OHCHR. Summary table on the linkages between the SDGs and relevant International human rights instruments. https://www.ohchr.org/Documents/Issues/MDGs/Post2015/SDG_HR_Table.pdf

1.5 | کوویڈ 19 اور نیشنل ایکشن پلان (نیپ)

یو این ڈی پی کے اشتراک سے وزارت انسانی حقوق کے منعقدہ حالیہ تحقیقی مطالعہ میں تفصیلات کے مطابق کوویڈ 19 وبائی بیماری نے موجودہ عدم مساوات کو بڑھاتے ہوئے اور انسانی حقوق کو خطرے میں ڈالتے ہوئے ایک غیر معمولی بحران کو جنم دیا ہے۔[11] اس نے کاروباری سرگرمیوں اور انسانی حقوق کے مابین بنیادی تعلق کو بھی اجاگر کیا ہے اور مستند کاروباری اداروں کی آ گہی میں اضافہ ہوا ہے تاکہ وہ کاروبار کے تناظر میں کووڈ 19 کے انسانی حقوق پر مرتب شدہ منفی اثرات کو کم کرنے کے لئے مکالمہ اور متعلقین کے اشتراک سے اقدامات کریں۔

لہٰذا اس وبائی مرض نے کاروباری اداروں میں انسانی حقوق کے احترام کو اپنی اقدار میں شامل کرنے کا ایک موقع فراہم کیا ہے جو مستقبل کے درپیش بحرانوں میں معاشی اور سماجی لچک کو بڑھانے میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ وباء کے بعد کاروباری اداروں کو کوویڈ 19 کے اسٹیک ہولڈر پر اثرات بشمول مزدوروں پر کاروباری سرگرمیوں اور ویلیو چین (پیداوار سے فروخت اور بعداز فروخت خدمات) میں اثرات کا جائزہ لینا چاہیے۔ جہاں تک ممکن ہو کارکنوں کو نوکریوں میں رہنے دیا جائے، اور بے روزگاری کے منفی اثرات کو یونین اور دیگر کارکن تنظیموں کے ساتھ مشاورت اور مکالمے کے ذریعے کم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اس کا بھی اعتراف ہونا چاہیے کہ سماجی طور پر کمزور طبقات جیسے خواتین، بچے، بوڑھے، کمزور افراد، اقلیتیں، ٹرانس جینڈر افراد اور دیگر کوویڈ 19 کے وبائی اور سماجی اثرات کے حوالے سے نشانہ پر ہیں اور ایسے کاروباری اداروں کو ان پر مرتب ہونے والے اثرات کو کم کرنا چاہیے۔ ملازمین اور دیگر متعلقین (سٹیک ہولڈرز) کی جانب سے شکایات اور مسائل کے مناسب حل کے لئے اصلاح کا نظام ہونا چاہیے تاکہ مداوا تک رسائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

کوویڈ 19 وباء نے کاروبار کی نوعیت پر گہرے اثرات مرتب کئے ہیں جہاں تک اس بات کا تعلق ہے بڑی تعداد میں کاروباری سرگرمیاں ڈیجیٹل دائرے میں داخل ہو رہی ہیں۔ فری لانس (آزاد پیشہ ور افراد) اور عارضی معیشت بڑھ رہی ہے۔ ان تیز رفتار تبدیلیوں کی روشنی میں یہ ضروری ہے کہ انسانی حقوق کو ڈیجیٹل معیشت میں بھی اسی سطح کی اہمیت دی جائے۔ ضروری ہے کہ ڈیجیٹل معیشت میں کارکنوں کے حقوق کا احترام کیا جائے اور ڈیٹا (معلومات) کے تحفظ اور رازداری سے متعلقہ اخلاقی رہنماء ضوابط پر عمل درآمد کیا جائے۔

11. MoHR and UNDP. COVID-19 and Disaster Vulnerability in Pakistan: A Human Rights Based Analysis. http://www.mohr.gov.pk/SiteImage/Misc/files/COVID-19%20and%20Human%20Rights%20Taskforce%20Report%20-%20FINAL%20edit.pdf

02 حفاظت، پاسداری، اصلاح کا فریم ورک

پہلا ستون: انسانی حقوق کا تحفظ، ریاست کا فرض

(UNGPs) یواین جی پیز ریاستوں سے مطالبہ کرتی ہے کہ کاروباری سرگرمیوں کے تناظر میں انسانی حقوق کا تحفظ کیا جائے۔ ان اُصولوں کو پاکستان کی حالیہ بین الاقوامی ذمہ داریاں جن میں انسانی حقوق کے کلیدی معاہدوں اور عالمی ادارہ محنت (آئی ایل او) کے کنونشنز جس کا پاکستان ریاستی فریق ہے کے عزم کو دہرانے کے طور پر دیکھا جاسکتا ہے۔ پاکستان کا ملکی قانونی فریم ورک مختلف ضمانتیں فراہم کرتا ہے اوران میں کارکنوں کے حقوق کا تحفظ خصوصاً امتیازی سلوک، کم از کم اُجرت، جبری مشقت اور بچوں کی مشقت کا خاتمہ شامل ہیں۔ کئی دوسرے قوانین ہیں جو خاص طور پر شہریوں کے انسانی حقوق کے معاملات مثلاً ماحولیاتی انحطاط، بدعنوان طرزِعمل، غیر قانونی زمین کے انتظامات، ٹیکس کی چوری وغیرہ سے متعلقہ ہیں۔

مزید براں، پاکستان کا آئینی اور قانونی فریم ورک تدارک کے بنیادی اصولوں پر مشتمل ہے جیسے عدلیہ کی آزادی اور انصاف تک رسائی۔ پاکستان میں (NHRIs) (قومی انسانی حقوق کے اداروں) انسانی حقوق کے تحفظ اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی رپورٹنگ کے معیار کو بہتر کرنے کا ایک ابھرتا ہوا کردار ہیں اوران کے خصوصی اختیارات ہیں۔ قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کے دیگر عہدوں میں NHRIs میں نیشنل کمیشن آن چائلڈ ویلفیئر اینڈ ڈویلپمنٹ (قومی کمیشن برائے بچوں کی بہبود وترقی (NCCWD) نیشنل کمیشن آن دی رائٹ آف چائیلڈ (قومی کمیشن برائے بچوں کے حقوق) اور نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف دی وومن (خواتین کی حیثیت پر قومی کمیشن) شامل ہیں اس کے علاوہ نیشنل کمیشن آن مائینارٹی (قومی کمیشن برائے اقلیت) پر کام جاری ہے۔ ریاست پاکستان، مستحکم نظام کا نفاذ اور موجودہ خلیج کو پُر کرنے اور کاروباری سرگرمیوں سے بری طرح متاثر ہونے والوں کے لئے آئینی ترامیم متعارف کرانے کے لئے پُرعزم ہے۔

دوسرا ستون: انسانی حقوق کا احترام، کاروباری اداروں کی ذمہ داری

UNGPs یواین جی پیز انسانی حقوق کے احترام کے حوالے سے کاروباری اداروں کی ذمہ داری کو بہت اہمیت دیتا ہے اور یہ ذمہ داری کاروباری ادارے کے حجم سے قطع نظر لاگو ہوتی ہے تاہم انسانی حقوق کے دونوں ممکنہ اور مروجہ منفی اثرات سے نمٹنے کے ذرائع کا تناسب انفرادی کاروباروں اورانسانی حقوق کے اثرات کی شدت اور پیمانے پر منحصر ہے۔

مزید براں، یواین جی پیز کے مطابق انسانی حقوق کا احترام صرف فوری اور ظاہری کاروباری سرگرمیوں تک محدود نہیں بلکہ اس کا تعلق پوری ویلیو چین (پیداوار، تشہیر، بعداز فروخت خدمات) تک بھی ہے۔

UNGPs یواین جی پیز کے اصول 11 تا اصول 24 کا تعلق کاروباری اداروں کا انسانی حقوق کے احترام سے متعلق ذمہ داریوں پر مبنی ہے۔ بنیادی اصول میں وضاحت موجود ہے کہ کاروباری اداروں کی بنیادی ذمہ داری انسانی حقوق کا احترام ہے اور (کاروباری) سرگرمیوں کے نتیجے میں رونما ہونے والے انسانی حقوق کے منفی اثرات کے خلاف اقدامات کرنا ان کا فرض ہے۔ اس سلسلے میں آپریشنل اصول، کاروباری اداروں کی ذمہ داری کے حوالے سے خصوصی سفارشات اور رہنماء اصول مہیا کرتے ہیں۔

کاروبار کے تمام شعبے انسانی حقوق کے ضمن میں بے پناہ صلاحیت رکھتے ہیں اور اس لئے انہیں ریاست سے مل کر آئین میں درج بنیادی حقوق کے تحفظ اور فروغ کیلئے کام کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ، اس بات پر زور دینا چاہیے کہ انسانی حقوق کا احترام ہر قسم کے کاروبار اور اقتصادی سرگرمیوں پر لاگو ہوتا ہے۔ بشمول غیر رسمی معیشت بشمول گھریلو بنیاد پر کام اور گھریلو کام۔

کاروباری اداروں اور آجروں پر قانونی ذمہ داری کے سلسلے میں انسانی حقوق سے متعلق کئی قوانین ہیں جو مزدوروں کے حقوق پر لاگو ہیں اور کمزور یا پسماندہ طبقات کو تحفظ اور مساوی مواقع کی فراہمی اور مزدوروں کے مختلف طبقات (کلاس) کو معاوضہ فراہم کرتے ہیں۔ پاکستان میں کاروباری سرگرمیوں کے تناظر میں بدعنوانی اور رشوت ستانی، ماحولیات کے تحفظ، ٹیکس، زمین کے انتظامات، صارفین کا تحفظ اور معلومات کا حق سے متعلق قوانین موجود ہیں۔

تیسرا ستون: اصلاح تک رسائی

UNGPs یواین جی پیز کے تیسرے ستون کی رو سے ریاستیں پابند ہیں کہ وہ کاروباری سرگرمیوں کے نتیجے میں انسانی حقوق کے منفی اثرات سے متاثرہ افراد کو موثر اور برقت اصلاح تک رسائی اور فراہمی کے نظام کے لئے عدالتی اور غیر ماورائے عدالت اقدامات اٹھائیں۔

عدالتی نظام کے سلسلے میں پاکستان کا آئین عدلیہ کی آزادی اور مقدمے کی شفاف سماعت اور مناسب عمل کے حق کی حفاظت کرتا ہے۔ اس سلسلے میں ایک اہم چیلنج قانونی چارہ جوئی پر آنے والی لاگت اور عدالتوں میں زیر التواء مقدمات کی وجہ سے انصاف کی سست رفتار فراہمی ہے۔ اس لئے موثر اور بروقت انصاف تک رسائی کے لئے اکثر مقدمہ لڑنے والوں کو قانونی چارہ جوئی کے حوالہ سے تشویش ہے خصوصاً اُن لوگوں کے لئے جو کم آمدنی والے درجے میں آتے ہیں اس سلسلے میں ریاست پاکستان نے کئی اقدامات۔

کئے ہیں جن میں قانونی چارہ جوئی کی لاگت کے نفاذ کا ایکٹ مجریہ 2017ء شامل ہے، جس میں بہت سی اہم باتوں کے علاوہ بے وقت اور غیر ضروری التواء کی حوصلہ شکنی بھی شامل ہے۔

عدالتی نظام کے علاوہ، نیم عدالتی ادارے بھی موجود ہیں جو کاروبار میں مسابقت (مقابلے کا رجحان)، مزدوری میں غیر منصفانہ طرز عمل اور منفی تنازعات کو دیکھتے ہیں۔ ان اداروں میں محتسب کے دفاتر، صوبوں میں کام کی جگہ پر ہراسانی، ٹیکس کے معاملات، بیمہ (انشورنس)، عوام کو درپیش کسی بھی وفاقی حکومت کے محکموں بشمول ریاستی ملکیت والے اداروں سے شکایات سے متعلق ہیں۔ مزید براں، صنفی تنازعات کے حل اور مزدوری کے غیر منصفانہ طرز عمل کے لئے بااختیار نیشنل انڈسٹریل ایکشن کمیشن UIRC (قومی صنعتی تعلقات عامہ کمیشن) قائم کیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ NCHR کو بطور ایک آزاد ریاستی ادارے کے جن کے پاس انسانی حقوق کے تحفظ اور فروغ کا وسیع اختیار (مینڈیٹ) ہے، قائم کیا گیا۔ NCHR (این سی ایچ آر) کو بھی بطور نیم عدالتی اختیارات کے منظوری دی گئی ہے کہ وہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی انفرادی شکایت کے ذریعے یا ازخود اختیاری کے ذریعے تحقیقات کریں۔

03 نیشنل ایکشن پلان کی ترجیحات شعبے اور مجوزہ اقدامات

درج ذیل سیکشن NAP کے ترجیحی شعبے میں آٹھ عمومی مجوزہ اقدامات کی فہرست سے متعلق ہے۔ ہر مجوزہ اقدام کے ساتھ کارکردگی کے اشارے تجویز کئے گئے ہیں تا کہ عملدرآمد کے ساتھ ساتھ متعلقہ یواین جی پیز اورایس ڈی جیز کے لئے مجوزہ اقدامات پر متوقع پیش رفت ہو۔ضمیمہ 1 عملدرآمد کے منصوبہ سے متعلق ہے جو مجوزہ اقدامات کے نفاذ کے لئے متعلقہ اداروں کی فہرست فراہم کرتا ہے۔

ریاست پاکستان کی پالیسی میں ہم آہنگی اور یواین جی پیز کے نفاذ کے عزم کی تکمیل کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی ذمہ داریوں کو نبھانے کے ساتھ مجوزہ اقدامات پر عملدرآمد کے لئے پرعزم اور بین الاوزارتی اور بین الصوبائی رابطہ کاری اور تعاون کی ضرورت ہے۔مزید براں، عملدرآمدی اداروں کے ساتھ ساتھ سول سوسائٹی، آجر اور مزدور تنظیموں، کاروباری طبقات، NHRIs (قومی انسانی حقوق کے ادارے) اور دیگر متعلقین کی شمولیت اوفعال شرکت نیپ (NAP) پر عملدرآمد اور تمام کاروباری سرگرمیوں میں تحفظ، احترام اور اصلاحی فریم ورک کی ترقی کیلئے اہم ہے۔

3.1 | عمومی مجوزہ اقدامات

وفاق سطح پر

1) کام کی جگہ پر بنیادی اُصول اور حقوق کے حوالہ سے قومی پیش رفت اور ترویج کے لئے درکار چار عناصر کو اُجاگر کرنے کے لئے متعلقہ نقشہ سازی کا اہتمام کیا جائے۔یعنی (1) دورحاظر کی غلامی کا خاتمہ (2) بچوں کی مشقت کا خاتمہ (3) کاروباری سرگرمیوں میں کام کی جگہ پر امتیازی سلوک بشمول صنفی تنخواہ کے فرق کا خاتمہ (4) تنظیم سازی کی آزادی کے تحفظ کا حق۔

کارکردگی کے اشارے:	(i) نقشہ سازی سرگرمی کی رپورٹ
اقوام متحدہ کے رہنماءاُصول:	1,2,3,8
متعلقہ ایس ڈی جی (ز):	ہدف 5 - صنفی مساوات، ہدف 8 - مہذب کام اور اقتصادی ترقی، ہدف 10 - عدم مساوات میں کمی، ہدف 16 - امن، انصاف اور مستحکم ادارے

(2) فریم ورک کا جائزہ لیں، انسانی حقوق کے قومی اداروں کی شمولیت کے ساتھ اُن کی صلاحیتوں کو بڑھائیں تا کہ کاروباری سرگرمیوں کے تناظر میں انسانی حقوق کے تحفظ، احترام اور اصلاح کو فروغ دینے اور اُن پر موثر عملدرآمد اور نگرانی کی حمایت کرسکیں۔

کارکردگی کے اشارے:	(i) جائزہ رپورٹ (ii) پاکستان میں NHRIs کے ساتھ صلاحیت بڑھانے کی سرگرمیوں کی تعداد
اقوام متحدہ کے رہنما اُصول:	3,8,25,27
متعلقہ ایس ڈی جی (ز):	ہدف 16 - امن، انصاف اور مستحکم ادارے

(3) نقشہ سازی بشمول مشاورتی عمل سے متعلق سرگرمی کریں۔ ڈیجیٹل معیشت بشمول فری لانس اور عارضی معیشت میں انسانی حقوق سے متعلق قومی قانونی سازی، پالیسیاں اور ریگولیٹری فریم ورک کا جائزہ لیں اور ڈیجیٹل معیشت میں تحفظ، احترام اور اصلاح کے فریم ورک کے اطلاق کو یقینی بنانے کے لئے درکار اقدامات کی سفارشات کو یکجا کریں۔

کارکردگی کے اشارے:	(i) نقشہ سازی مشق کی رپورٹ (ii) مشاورتی اجلاسوں کی تعداد
اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول:	1,2,3,8
متعلقہ ایس ڈی جی (ز):	ہدف 5 - صنفی مساوات، ہدف 8 - باعزت روزگار اور اقتصادی نمو (ترقی)، ہدف 9 - صنعت، جدت اور انفراسٹرکچر، ہدف 16 - امن، انصاف اور مستحکم (مضبوط) ادارے

وفاقی اور صوبائی سطح پر

(4) کاروباری تناظر میں انسانی حقوق کو استحکام اور تحفظ دینے کے لئے صنفی مساوات کو بنیاد بنا کر اور کراس کٹنگ موضوعات کے طور پر شامل کرتے ہوئے، پاکستان کے آئین اور بین الاقوامی ذمہ داریوں اور یو این جی پیز فریم ورک کے دائرہ کار میں موجود قوانین کا جائزہ اور پیش رفت۔

کارکردگی کے اشارے:	(i) جائزہ رپورٹ (ii) قوانین پر پیش رفت کی تعداد
اقوام متحدہ کے رہنما اُصول:	1,3
متعلقہ ایس ڈی جی (ز):	ہدف 5 - صنفی مساوات، ہدف 8 - باعزت روزگار اور اقتصادی نمو (ترقی)، ہدف 16 - امن، انصاف اور مستحکم ادارے

(5) نیپ (NAP) کے حوالے سے بی ایچ آر رہنماء اصول کاروباری اداروں تک پہنچائیں۔ اس کے ترجیحی شعبے، مجوزہ اقدامات اور کاروباری اداروں سے ریاست کی توقعات، اور اس کے ساتھ کارپوریٹ انسانی حقوق کی پالیسیاں، انسانی حقوق کی بنیاد پر ادارہ جاتی جائزہ اور اصلاح کے نظام کے بارے میں غیر مالیاتی رپورٹنگ۔

کارکردگی کے اشارے: (i) رہنماء اصولوں کی تیاری (ii) کاروباری اداروں کی تعداد جہاں رہنماء اصول تقسیم کئے گئے۔

اقوام متحدہ کے رہنماء اصول: 1,2,3

متعلقہ ایس ڈی جی (ز): ہدف 5 - صنفی مساوات ' ہدف 8 - باعزت روزگار اور اقتصادی نمو' ہدف 16 - امن' انصاف اور مستحکم ادارے۔

6) بیرون ملک مزدوروں کے استحصال کے حوالے سے بھرتی کرنے والی ایجنسیوں کی رجسٹریشن اور بیرون ملک روزگار کے مواقع کی فراہمی اور دیگری حکومتوں کے ساتھ مزدوروں کی محفوظ اور منصفانہ نقل مکانی کو یقینی بنانے کے لئے کام کے ضوابط مستحکم کرنا۔

کارکردگی کے اشارے: (i) دیگر حکومتوں کے ساتھ یاداشتوں پر دستخط (ii) بھرتی کرنے والی ایجنسیوں کی رجسٹریشن کی تعداد (iii) مستحکم شدہ ضوابط کی تعداد

اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول: 1,2,3

متعلقہ ایس ڈی جی (ز): ہدف 8 - باعزت روزگار اور اقتصادی نمو' ہدف 17 - اہداف کیلئے شراکت داری

7) عدالتوں میں زیرالتواء مقدمات کا خاتمہ کرنا اور کاروباری سرگرمیوں کے نتیجے میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے منصفانہ' مؤثر اور بروقت ازالہ کیلئے متبادل تنازعات کے حل کے متبادل نظام کو مستحکم اور فروغ دینے کے لئے آسان اور قابل عمل طریقہ کار تلاش کرنا۔

کارکردگی کے اشارے: (i) حل شدہ مقدمات کی تعداد (ii) متبادل تنازعات کے حل کے نظام کا استعمال

اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول: 1,3,8,25,26,27,28

متعلقہ ایس ڈی جی (ز): ہدف 16 - امن انصاف اور مستحکم ادارے' ہدف 17 - اہداف کیلئے شراکت داری

8) کاروبار اور انسانی حقوق کے لازمی اصولوں کو بشمول نیپ اور یو این جی پیز کو تکنیک اور پیشہ ورانہ تربیت میں شامل کرنا۔

کارکردگی کے اشارے: (i) نیپ' بی ایچ آر اور یو این جی پیز کے اصولوں کو شامل کرنے والے TVET (ٹیکنکی پیشہ ورانہ تعلیمی تربیت کے پروگراموں کی تعداد

اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول: 2,3,8

متعلقہ ایس ڈی جی (ز): ہدف 4 - معیاری تعلیم ' ہدف 5 - صنفی مساوت' ہدف 8 - باعزت روزگار اور اقتصادی ترقی '

3.2 | نیپ کے ترجیحی شعبہ جات

وفاقی اور صوبائی سطح پر باب 1.3 میں متعارف کرائے گئے آٹھ عمومی مجوزہ اقدامات کے علاوہ مندرجہ ذیل سیکشن ترجیحی شعبہ جات میں سے ہر ایک کیلئے مجوزہ اقدامات کی وضاحت کرتے ہیں۔

3.2.1 | سرکاری خریداری کے معاھدوں میں مالیاتی شفافیت، بدعنوانی اور انسانی حقوق کے معیارات

جس طرح این بی اے (NBA) اور مشاورتی عمل سے ثابت ہوا ہے کہ، مالیاتی شفافیت کی کمی خصوصاً بدعنوانی اور رشوت ستانی کے حوالے سے جو پاکستان میں رائج ہے اس کا انسانی حقوق سے براہ راست تعلق بنتا ہے جیسا کہ مالیاتی شفافیت میں کمی، منی لانڈرنگ، دہشت گردی میں مالی معاونت اور ٹیکس چوری کو جنم دیتی ہے۔ جس کا سماجی ترقی کے پروگراموں اور انسانی حقوق پر منفی اثر پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ، بدعنوانی اور انسانی حقوق پر منفی اثرات کا آپس میں گہرا تعلق، قانون سازی اور پالیسیوں میں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خاص طور پر واضح کرنا چاہیے۔

بدعنوانی اور رشوت ستانی سے متعلقہ سرگرمیوں کی ممانعت کے لئے حکومت پاکستان کی طرف سے مختلف قوانین اور ضوابط متعارف کروائے گئے ہیں۔ اور اسی طرح قوانین اور نفاذ کے موثر اطلاق پر عملدرآمد کا باقاعدہ نظام بھی متعارف کروایا گیا ہے۔ تاکہ بدعنوانی اور رشوت ستانی کا خاتمہ کیا جا سکے۔ پاکستان میں سرکاری خریداری کے لئے بہت سے قانون اور ضوابط موجود ہیں۔ اور اس پورے عمل کا انتظام پبلک پروکیورٹمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ کاروباری سرگرمیوں کے تناظر میں سرکاری خریداری کے عمل میں انسانی حقوق کے معیارات، خریداری میں انسانی حقوق کے احترام کو قابل شہادت ثبوت کے ذریعے مہیا کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ کمپنیوں کا مالی شفافیت کو بولی کی منظوری کے لئے شرط سمجھا جائے۔

وفاقی سطح پر مجوزہ اقدامات

9) وسل بلور پروٹیکشن اینڈ ویجیلنس بل 2019 پاس کرنا تاکہ مالیاتی تضادات اور بدعنوانی سے متعلق معلومات یقینی کرنے والے وسل بلور (مخبروں کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔

کارکردگی کے اشارے:	وسل بلوراَیکٹ (بل) کا نفاذ
اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول:	1,3
متعلقہ ایس ڈی جی (ز):	ہدف 16 - امن، انصاف اور مستحکم ادارے

10) پبلک پروکورمنٹ ریگولیٹری اتھارتی کے قواعد میں انسانی حقوق سے متعلقہ ادارہ جاتی جائزہ کے عمل میں کلیدی معیار کے طور پر شامل کرتے ہوئے اُن کاروباروں کو ترجیح دینا جو انسانی حقوق کی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لئے اقدامات کر رہے ہیں۔

کارکردگی کے اشارے: (i) انسانی حقوق کی ادارہ جاتی جائزہ کی شمولیت۔

اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول: 1,2,3,4,5,6,8,9

متعلقہ ایس ڈی جی (ز): ہدف 8 - باعزت روزگار اور اقتصادی معاشی ترقی' ہدف 9 - صنعت' جدت اور انفراسٹرکچر' ہدف 16 - امن' انصاف اور مستحکم ادارے

11) حکومتی ملکیت کے کاروبار' حکومت کے زیر انتظام کاروبار اور حکومت کے ساتھ شراکتی کاروباروں کی تعداد جو ضابطہ اخلاق کو اپنانے کا باضابطہ طور پر اعلان کرتے ہیں۔

کارگردگی کے اشارے: (i) ضابطہ اخلاق کی تیاری (ii) کاروباری اداروں کی تعداد جن میں ضابطہ اخلاق موجود ہے/ تقسیم کیا گیا (iii) کاروباری اداروں کی تعداد جنھوں نے ضابطہ اخلاق اپنایا

اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول: 1,2,3,4,5,6,8,9

متعلقہ ایس ڈی جی (ز): ہدف 8 - باعزت روزگار اور اقتصادی معاشی ترقی' ہدف 9 - صنعت' جدت اور انفراسٹرکچر' ہدف 16 - امن' انصاف اور مستحکم ادارے

12) عدالتی عمل کو مزید مستحکم کریں اور مالیاتی شفافیت کی حوصلہ افزائی کے لئے انسداد منی لانڈرنگ/انسداد دہشت گردی کی مالی معاونت سے متعلق مسائل پر آگاہی پیدا کرنا۔

کارگردگی کے اشارے: (i) AML/CTF پر تربیت کی تعداد

اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول: 1,2,3,25

متعلقہ ایس ڈی جی (ز): ہدف 16 - امن' انصاف اور مستحکم ادارے

3.2.2 | امتیازی سلوک' مساوی مواقع اور شمولیت

جیسا کہ این بی اے اور مشاورتی عمل کے دوران یہ ظاہر ہوا کہ کاروباری سرگرمیوں کے دوران خواتین اور کمزور یا پسماندہ طبقات بشمول ٹرانس جینڈر' معذور افراد' اقلیتوں' نقل مکانی اور پناہ گزین کارکنوں اور دیگر کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھا جاتا ہے۔ اگرچہ وفاقی اور صوبائی سطح پر پسماندہ اور معذور افراد کے تحفظ کے لئے قانون سازی موجود ہے' تاہم کاروباری سرگرمیوں اور کام کی جگہ پر تمام اقسام کی امتیازی سلوک کے خاتمے کے لئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ پاکستان اپنے آئین کے مطابق جس میں سب کے لئے برابری ایک بنیادی حق کے طور پر شامل ہے اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کے ریاستی فریق کے طور پر آئی سی سی پی آر' آئی سی ای ایس سی آر' سی ای ڈی اے ڈبلیو' آئی ایل او معاہدہ نمبر 100 (مساوی معاوضہ)' آئی ایل او معاہدہ نمبر 111 (امتیازات) (ملازمت اور پیشہ) اور دیگر بلاامتیاز مساوی شرکت اور مساوی تحفظ کو خواتین اور کمزور یا پسماندہ طبقات کیلئے قوانین کو یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہے۔

وفاقی سطح پر مجوزہ اقدامات

13) آئی ایل او کنونشن/معاہدہ نمبر 190 (تشدد اور ہراسانی) کی توثیق کرنا۔

کارکردگی کے اشارے: (i) توثیق سے پہلے کئے گئے ضروری اقدامات (ii) کنونشن کی توثیق

اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول: 1,3

متعلقہ ایس ڈی جی (ز): ہدف 5 - صنفی مساوات، ہدف 16 - امن، انصاف اور مستحکم ادارے

14) کام کی جگہ پر خواتین کی ہراسانی کے تحفظ کے ایکٹ میں مجوزہ ترامیم صرف کام کی جگہوں تک محدود نہیں، ایکٹ کے اغراض و مقاصد کی روشنی میں تعریفی ابہام کی وضاحت و توسیع اور کام کی تمام جگہوں پر ہر قسم کی ہراسانی کے خلاف مؤثر اور جامع تحفظ کو فروغ دینا۔

کارکردگی کے اشارے: (i) مجوزہ ترامیم کا نفاذ

اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول: 1,2,25,26,27,28

متعلقہ ایس ڈی جی (ز): ہدف 5 - صنفی مساوات، ہدف 16 - امن، انصاف اور مستحکم ادارے

15) اُن شعبوں کے تعین کے لئے جہاں صنفی تفاوت عام ہے ایک قومی تحقیقی مطالعہ کا انعقاد کرنا اور اس کے نتائج کو مختلف شعبوں میں خواتین کے لئے لازمی کوٹہ مختص کرنے کے لئے ایک پالیسی کے جائزہ اور تیاری کے لئے استعمال کرنا۔

کارکردگی کے اشارے: (i) قومی مطالعے کی رپورٹ (ii) مطالعے کے لئے مشاورت کی تعداد (iii) بنیادی جائزے اور مشاورت کی بنیاد پر پالیسی تیاری۔

اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول: 1,2,3,8

متعلقہ ایس ڈی جی (ز): ہدف 5 - صنفی مساوات، ہدف 8 - باعزت روزگار اور اقتصادی نمو، ہدف 10 - عدم مساوات کم کرنا، ہدف 16 - امن، انصاف اور مستحکم ادارے

وفاقی اور صوبائی سطح پر

16) خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کی تمام صورتوں سے متعلقہ قوانین پر نظر ثانی اور جہاں ضروری ہو ترامیم کرنا اور صنفی بنیاد پر تشدد کے خلاف قائم عدالتوں کو مؤثر طور پر فعال کرنے کو یقینی بنانا۔

کارکردگی کے اشارے: (i) جائزہ رپورٹ (ii) ترمیم شدہ قوانین کی تعداد

اقوام متحدہ کے رہنماء اُصول: 1,2,3,8,25,26,27,28

متعلقہ ایس ڈی جی (ز): ہدف 5 - صنفی مساوات، ہدف 16 - امن، انصاف اور مستحکم ادارے

17) خواتین اورٹرانس جینڈر کے لئے کاروباری فروغ کے مراکز کا قیام، اوران کوتمام صوبوں میں مستحکم کرنا اورآسانیاں فراہم کرنا، خواتین اورٹرانس جینڈرکوکاروبار کے لئے یکساں فنڈز کی فراہمی کے مواقع مہیا کرنا۔

کارکردگی کے اشارے: (i) قائم کردہ مراکز کی تعداد

اقوام متحدہ کے رہنماءاصول: 1,2,3,5,8

متعلقہ پائیدارترقی کے اہداف: ہدف 5 -صنفی مساوات، ہدف 8 - باعزت روزگاراورمعاشی ترقی، ہدف 9 -صنعت، جدت اورانفراسٹرکچر، ہدف - 10 عدم مساوات میں کمی

18) مزدوروں کے لئے پالیسی سازی، یا موجودہ پالیسیوں پرعمل درآمد کی یقین دہانی، جس میں کاروبار کے لئے مساوی مواقع فراہم کرنے کی کمیٹی کی موجودگی ایک ضروری امر ہے، جوکہ شکایات وصول کرتی ہے اورتنخواہوں میں حائل خلیج اور نوکریاں دینے میں امتیازی سلوک کے حوالہ سے تحقیقات کرتی ہے۔

کارکردگی کے شارے: (i) پالیسی کی تیاری یا عملدرآمد (ii) مساوی مواقع فراہم کرنے کی کمیٹیوں کی نوٹفیکیشن کی ضروریات (iii) کاروباری اداروں کی تعداد جنہوں نے مساوی مواقع فراہم کرنے کی کمیٹیاں بنائی

اقوام متحدہ کے رہنما اصول: 1,2,3,22,27,28,29,30

متعلقہ ایس ڈی جی (ز): ہدف 5 -صنفی مساوات، ہدف 8 - باعزت روزگاراورمعاشی ترقی، ہدف - 16امن، انصاف اورمستحکم ادارے

19) صنفی، لسانی، مذہبی، معذوری، عمر، یا دیگر وجوہات میں اگرامتیاز موجود ہوتو مدنی اصلاح (سوِک) کے ذریعے پہلے سے موجود طریقہ کارکومزید بہتر بنانا یا اگرضرورت ہوتو ازسرنو بنا کر اس کا مداوا کرنا۔

